ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((424

04.08.2023

**4اگست //یوم شہدا پولیس //بہاولپور پولیس کے شہداء کو سلام، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی یادگار شہداء پر حاضری، شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب کا اہتمام شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، شہداء نے ہمارے روشن کل کی خاطر اپنا آج قربان کر دیا، ڈپٹی اسپیکر بہاولپور ملک ظہیر اقبال چنڑ۔ہم اپنے شہدا پولیس کو یاد کر کے یہ عہد کرتے ہیں کہ ملک وقوم کی خاطر کسی قربانی سے دریغ اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کریں گے، یوم شہدا پولیس ہمیں عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، ہم کوئی شہادت بھولے نہیں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان مہمانان گرامی نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔**

بہاولپور( ) تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں پولیس لائنز بہاولپور میں یوم شہدا پولیس منایا گیا۔تقریب کا آغاز یادگارِ شہدا پر سلامی سے ہوا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں تقریب کا باقاعدہ آغاز اسلامیہ یونیورسٹی بغداد کیمپس کے فکیلٹی آف کیمیکل بیالوجیکل سائنس ہال میں تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔تقریب میں شہداء پولیس کی فیملیز کے ساتھ ساتھ ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ، بریگیڈیئر محمد علی، سینئر آرمی افسران، چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران، سول سوسائٹی اور میڈیا کمیونٹی کی خصوصی شرکت۔ یوم شہداء پولیس کی تقریب کے حوالے سے ڈپٹی سپیکر نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے ان شہیدوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم ان کی عظیم قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانیں دیں گے۔ میں ان ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے فرض کی خاطر اس قوم کی خاطر اپنے لخت جگر قربان کئے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے کہا کہ آج ہم اپنے شہداء پولیس کو یاد کر کے یہ عہد کرتے ہیں کہ ملک وقوم کی خاطر کسی قربانی سے دریغ اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ میں ایک ایسی فورس کا حصہ ہوں جس کے شہدا کی فہرست بہت طویل ہے اور جنہوں نے ملک وقوم کے لئے اپنی شاندار خدمات دے کر ہمیشہ کے لئے عوام کے دِلوں میں زندہ ہو گئے ۔ میں سلام پیش کرتا ہوں اپنے شہیدوں کو جنہوں نے شہریوں کے سینوں پر چلائی گئیں گولیاں سینہ تان کر اپنی چھاتی پر کھائیں اور مسکراتے ہوئے اپنی قوم پر قربان ہو گئے۔ پولیس عوام کے تحفظ کی ذمہ دار ہے اور ہم یہ فرض پوری دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم عوام کے محافظ ہیں اور ہمیں یہ فخر ہے کہ اللہ تعالی اور اس ملک نے یہ ذمہ داری ہمیں سونپی اور ہم اپنے ملک، اپنی پولیس فورس اور اپنی عوام کے اعتماد کا پرچم بلند کئے رکھیں گے کوئی خوف، لالچ اور کوئی ترغیب ہمارے عزائم کو شکست نہیں دے سکے گی۔ ڈی پی او نے فرداً فرداً تمام فیملیز سے ان کے مسائل بھی دریافت کیے اور موقع پر حل کیلئے احکامات جاری کیے۔شہدا کی فیملیز کے اعزاز میں پروقار ظہرانہ بھی دیا گیا۔تقریب کے اختتام پر بریگیڈیئر محمد، ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے شہداء کے ورثا میں بہاولپور پولیس کی جانب سے تحائف پیش کئے۔تقریب میں پولیس افسران وجوانوں کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:یوم شہداء پولیس کے موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائنز میں یادگار شہداء پر سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور ان کے درجات کی بلندی کے لئے فاتحہ خوانی کی